سوال

وفاقی ملازمین بہبود فنڈ میں مُلازمت کرنا جائز ہے یا ناجائز؟

جواب

سودی ادارے میں ملازمت کا حکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ وفاقی ملازمین بہبود فنڈ میں مُلازمت کرنا جائز ہے یا ناجائز ہے۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!ڈسکرپشن میں دی گئی آپ کی تفصیلات کے مطابق آپ کے ادارے کا کام سودی ہے۔ اور سودی ادارے میں کام کرنا قطعاناجائزاور حرام ہے۔ صحیح مسلم میں حضرت جابر روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے : (لعن رسول اللہ ﷺ آکل الربا وموکلہ وکاتبہ وشاھدیہ وقال : ھم سواء) (8951) ''سود کھانے والے، سود کھلانے والے، سود لکھنے والے اور سود پر گواہی دینے والے پر لعنت فرمائی، اور فرمایا: کہ گناہ میں سب برابر ہیں۔'' آپ کو چاہئے کہ آپ جتنی جلدی ہوسکے اس ادارے کی نوکری کو چھوڑ کر کوئی دوسری حلال ملازمت تلاش کریں۔ بے شک اللہ تعالی رازق ہے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی